# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
# KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2025/** 5420
**Date: 04 th September, 2025**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 16th, 17th, 18th, 19th and 20th groups as at Annexure-II will be taken-up on 5th, 8th, 9th, 10th & 11th September, 2025, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: - Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-IX**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Deputy Director Coordination, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-IX**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 16th | Friday 05th September, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement --<br>• Finance --<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment -- |
| 17th | Monday 08th September, 2025 | • Food --<br>• Higher Education, Archives & Libraries --<br>• Elementary & Secondary Education --<br>• Inter Provincial Coordination |
| 18th | Tuesday 09th September, 2025 | • Agriculture --<br>• Communication & Works --<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights --<br>• Local Government, Elections & Rural Development --<br>• Public Health Engineering |
| 19th | Wednesday 10th September, 2025 | • Planning & Development --<br>• Health --<br>• Sports & Youth Affairs --<br>• Home & Tribal Affairs --<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum |
| 20th | Thursday 11th September, 2025 | • Minerals Development --<br>• Labour --<br>• Revenue & Estate --<br>• Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs --<br>• Industries, Commerce & Technical Education --<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا سولواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 5 ستمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:13 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1516**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر سماجی بہبود ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ معذور افراد کو الات مہیا کرتا ہے؟

(ب) محکمہ نے معذور طبقے کو Main Stream سوسائٹی میں لانے کے لیے کیا اقدامات کئے ہیں؟

(ج) آیا حکومت، پرائیویٹ سوشل ویلفیئر کے ساتھ کوئی Working Relationship بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ غربت کا خاتمہ ہو۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:47 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1589**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زکوٰۃ وعشر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں کتنی ضلعی زکوٰۃ کمیٹیاں فعال ہیں؟ اور کتنے اضلاع میں ضلعی زکوٰۃ کمیٹیاں غیر فعال ہیں؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں کے دوران ہر اضلاع میں کتنی رقم ان کمیٹیوں کے ذریعے مستحقین زکوٰۃ میں تقسیم کی گئی؟ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) صوبہ بھر میں لوکل زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟ خصوصاً ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:06 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1404**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ خیبر پختونخواہ پر اندرونی اور بیرونی قرضوں کی کل حجم / مالیت کیا ہے اس کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ب) گزشتہ 4 ادوار میں حکومت نے لینے والے قرضوں کی تفصیل ہر دور حکومت کی علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:36 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1450**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2022 کے سیلاب کے بعد حکومتی سروے کے مطابق مقامی لوگوں کی املاک تباہ ہوئی تھیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مذکورہ متاثرین کو امداد دینے کا اعلان کیا تھا اور بعض متاثرین میں چیک بھی تقسیم کیے گئے تھے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) جن متاثرین لوگوں میں چیک تقسیم کیے گئے ہیں ان کا شناختی کارڈ نمبر، ملنی والی امدادی رقم بمعہ مکمل ایڈریس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) جن گھرانوں یا خاندانوں کو امدادی رقم تاحال نہیں ملی ان کو امدادی رقم کب تک ملے گی؟

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:00 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 1695**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخواہ کا مالی سال 2024-25 کا خسارہ کتنے ارب روپے تھا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:01 AM - Fri
**Question # 1689سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 07, 2025 - Thu
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر امداد، بحالی وآباد کاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبے میں حالیہ آفات اور سیلاب کے دوران متاثرہ خاندانوں کی بحالی کے لئے حکومت نے کیا اقدامات کیے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:03 AM - Fri
**Question # 1698سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زکوٰۃ، عشر، سوشل ویلفیئر اینڈ وویمن ایمپاورمنٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا 2024 میں زکوٰۃ فنڈ سے مستحقین کو براہ راست مالی امداد فراہم کی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:04 AM - Fri
**Question # 1691سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 07, 2025 - Thu
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زکوٰۃ، عشر و سماجی بہبود ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخواہ میں خواتین کو بااختیار بنانے والے کتنے تربیتی مراکز کام کر رہے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 05:30 PM - Fri
**Question # 1692سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زکوٰۃ، عشر، سوشل ویلفیئر اینڈ وویمن ایمپاورمنٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سوشل ویلفیئر آفس ایبٹ آباد میں ڈسٹرکٹ آفیسر موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو آیا مذکورہ ڈسٹرکٹ آفیسر کی تعیناتی عارضی طور پر کی گئی یا مستقل بنیادوں پر، نیز جس طریقہ کار کے تحت تقرری ہوئی اُس کی تفصیل مروجہ اور طے شدہ قواعد وضوابط کے تحت فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2025 -- 12:50 PM - Wed
**Question # 1703سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر میں بڑا حصہ خیبر پختونخوا کا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت کی سفارش پر صوبے کی جانب سے بورڈ ممبران تعینات ہوتے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ بینک بننے سے تاحال بورڈ ممبران میں اس صوبے سے کتنے تجربہ کار صنعت کار، بینکر زیا دیگر معاشی ماہرین کو بورڈ ممبران تعینات کیا گیا ہے؟ بورڈ ممبران کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2025 -- 12:51 PM - Wed
**Question # 1701سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست کہ بینک آف خیبر میں اسلامک اور روایتی بینکنگ سسٹم چل رہا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بینک آف خیبر کی ملک بھر میں اسلامک برانچز اور روایتی بینکنگ کے برانچز موجود ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) بینک آف خیبر کی کل کتنی برانچز ہیں؟ ان میں اسلامک بینک کی تعداد کتنی ہیں؟ اور روایتی بینکنگ کی تعداد کتنی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) بینک آف خیبر کی جو برانچز نقصان میں ہیں ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 10, 2025 -- 06:00 PM - Sun
**Question # 1704**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوۃ, عشر و سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے تحت چلنے والے ادارے مثلاً دار الامان، شیلٹر ہوم اور بلائینڈ سکول میں کھانے کی فراہمی کے ٹھیکے دیئے جاتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) ضلع ایبٹ آباد میں گزشتہ دس سال کے دوران یہ ٹھیکہ کن افراد یا اداروں کو دیا گیا ہے ان کے نام پتہ اور معاہدوں کی مدت کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اگر یہ ٹھیکہ مسلسل کسی ایک ہی ٹھیکدار یا ادارے کو دیا گیا ہے تو اس کی وجوہات، قانونی جواز اور متعلقہ دستاویزی ثبوت پیش کئے جائیں۔

(iii) کیا ٹھیکہ دینے کا عمل مقررہ قوانین، مسابقتی طریقہ کار، اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق کیا گیا ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات بیان کی جائیں۔

(iv) کیا اس ضمن میں کسی قسم کا آڈٹ، انکوائری یا احتسابی کارروائی عمل میں لائی گئی اگر ہاں تو اس کی مکمل تفصیلات اور نتائج فراہم کیے جائیں۔

3

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا سترہ واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 8 ستمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:07 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1407**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بین الصوبائی رابطہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ آئین کے تحت مشترکہ مفادات کونسل کے ہر سال متعین شدہ وقت میں اجلاس منعقد ہوتے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ وزیر اعظم کسی صوبے کی درخواست پر مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس ہنگامی بنیادوں پر بھی بلا سکتا ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:-

(i) سال 2018، 2019 اور 2020 میں مشترکہ مفادات کونسل کے متعین شدہ وقت میں کتنے اجلاس منعقد ہوئے ہیں سالانہ تفصیل فراہم کی جائے

(ii) سال 2018 سے 2020 تک صوبے کی درخواست پر کتنے اجلاس بلائے گئے ہیں سالانہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ تمام منعقد شدہ اجلاسوں میں کون سے فیصلے کئے گئے ہیں ہر ایک اجلاس کا ایجنڈا اور اس کی روداد فراہم کی جائے

(iv) اب تک ان منعقد شدہ اجلاسوں میں کئے گئے فیصلوں پر کتنا عملدرآمد ہوا ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:09 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1498**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد ریاض صاحب, رکن صوبائی اسمبلی- پی کے (95)

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2019ء تا 2024ء کے دوران ADP اور AIP کے تحت Pk-95 اور Pk-96 میں ٹوٹل کتنا فنڈز اور کن کن مدات میں دیئے گئے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:10 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1500**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے (95)

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ ڈائریکٹر IM Science کو نگران حکومت کے دوران مقرر کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) ڈائریکٹر IM Sciences کی تقرری کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii)) آیا نگران حکومت ڈائریکٹر کی تقرری کر سکتی تھی؟

(iii) تقرری کے لیے قانونی تقاضے پورے کیے گئے ہیں؟ تمام تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:22 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1464**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع صوابی میں موجود زنانہ و مردانہ سکولوں کی کل تعداد کتنی ہے؟

(ب) ان سکولوں میں اساتذہ اور طلباء وطالبات کی کل تعداد اور سکول وائز تفصیل فراہم کی جائے نیز مذکورہ سکولوں میں دستیاب سہولیات اور سہولیات کی کمی کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:23 AM - Tue
Question # 1466سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 11, 2025 - Fri
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل ٹوپی میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکول برائے گرلز اور بوائز کی کل تعداد کتنی ہے ؟

(ب) مذکورہ سکولوں میں کون کون سے سٹاف کی کمی ہے ؟ میل اور فی میل سٹاف کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز سٹاف کی کمی کب تک پوری کردی جائے گی؟

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:28 AM - Tue
Question # 1462سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر سایہ ایلیمنٹری ایجوکیشن فاونڈیشن کے اساتذہ کام کر رہے ہیں اور کئی مہینوں سے تنخواہوں سے محروم ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یہ اساتذہ انتہائی کم تنخواہ پر یعنی ایک مزدور کی کم سے کم اجرت سے بھی کم پر کام کر رہے ہیں ؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہو۔ تو ان اساتذہ کو تنخواہوں سے کیوں محروم رکھا گیا ہے ؟ نیز ان کی تنخواہوں میں اضافہ اور مستقلی کے لئے محکمہ کے پاس کوئی لائحہ عمل موجود ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:29 AM - Tue
Question # 1461سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں ہر سال نویں، دسویں، گیارویں اور بارویں کلاس کے سالانہ اور سپلیمنٹری امتحانات منعقد ہوتے ہیں ؟ جن میں سکولوں کے اساتذہ ڈیوٹیاں سر انجام دیتے ہیں ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈیوٹی دینے والے اساتذہ کو اپنی تنخواہ کے علاوہ معقول معاوضہ بھی دیا جاتا ہے ؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ امتحانات اکثر سکولوں کی پڑھائی کے دنوں میں منعقد ہوتے ہیں ؟ جس سے طلباء کا قیمتی وقت پڑھائی کئے بغیر گزر جاتا ہے ؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت طلباء کی پڑھائی کے اوقات کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے ؟

(ii) سکولوں اور کالجوں میں امتحانات کی ڈیوٹی کی وجہ سے اساتذہ کی غیر حاضری یا کمی کو کیسے یا کس طریقہ کار کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے ؟

(iii) حکومت امتحانات میں صرف اساتذہ کی ڈیوٹی لگانے کے بجائے کوئی دوسرا طریقہ اختیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:32 AM - Tue
Question # 1617سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم میں کل کتنے Directors کام کر رہے ہیں ؟

(ب) ضم اضلاع کے Director کی پوسٹ کتنے عرصے سے خالی ہے ؟ اور اس پوسٹ پر کون کام کر رہا ہے ؟ اس کی تعلیم قابلیت ،بنیادی سکیل عرصہ تعیناتی اور تعیناتی کی قانونی حیثیت بمعہ رولز فراہم کی جائے

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:33 AM - Tue
Question # 1618سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع باجوڑ میں موجودہ وقت سکولوں کی تعداد کتنی ہے ؟ سکول کا نام اور جگہ کا نام بتایا جائے۔

(ب) مذکورہ سکولوں میں اساتذہ کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ج) تمام سکولوں میں طلباء کی مکمل تعداد سکول وائز اور ٹوٹل فراہم کی جائے ؟

(د) موجودہ وقت تمام سکولوں میں خالی آسامیوں کی تعداد بمعہ کیٹگری فراہم کی جائے اور شرح خواندگی کا کیا تناسب ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:42 AM - Tue
**Question # 1489** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 5 سالوں کے دوران کتنی گندم کہاں کہاں سے خریدی گئی اور کہاں کہاں فروخت کی گئی؟اور موجودہ وقت کتنی گندم گوداموں میں موجود ہیں؟ گودام وائز تفصیل فراہم کی جائیں۔نیز 5 سالوں کے دوران مذکورہ خرید وفروخت میں نفع ونقصان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:54 AM - Tue
**Question # 1508** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ باڑہ گلی کیمپس محکمہ ہذاکے زیر نگرانی ہے؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:۔

(i) باڑہ گلی کیمپس کی موجودہ حیثیت کیاہے،اس میں کون کون سی سر گرمیاں ہورہی ہیں اور کتنی اراضی پر محیط ہے۔

(ii) کیمپس سے سالانہ کتنی آمدن حاصل ہوتی ہے اور کس طریقہ کار کے تحت محکمہ خزانہ میں جمع کی جاتی ہے؟

(iii) سال 2018 سے تاحال مذکورہ کیمپس میں ہونے والی تعلیمی سرگرمیوں پر اُٹھنے والے اخراجات اور کیمپس سے حاصل ہونے والی آمدن کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:55 AM - Tue
**Question # 1521** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبہ میں آٹے کی قیمتوں کا تعین کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:۔

(i) سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کا تعین کس طریقہ کار کے تحت کیاگیاہے؟اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجوہات کیاہیں؟

(ii) سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کی تفصیل بمعہ سرکاری نرخنامہ جات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

(iii) آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے حکومت نے کیااقدامات اور فارمولہ طے کیاہے؟مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:56 AM - Tue
**Question # 1522** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for food state that :
(a)What is the current production per acre of wheat?
(b)What is our need for flour consumption?
(c)What is being done tangibly for ensuring that the flour production is being increased?
(d)What will be the wheat production in the coming year and accordingly flour production and would that suffice the flour demand?

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا اٹھارواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 9 ستمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 04, 2025 -- 02:48 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1677**
**Sent to Dept Date:** Jul 15, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات محرم الحرام کے دوران مخصوص اضلاع میں خصوصی فنڈ/گرانٹ کا اجراء کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) ان فنڈز/گرانٹ کو عموماً کن اغراض و مقاصد کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ان فنڈز کی کی تقسیم اور نگرانی کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) سال 2024-25 اور سال 2025-26 میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی تین تحصیلوں بشمول تحصیل ڈیرہ اسماعیل خان، تحصیل پہاڑپور اور تحصیل پروا کیلئے کتنا فنڈ/گرانٹ منظور ہوئی ہے؟ اور کن کن مدوں میں خرچ ہوئی ہیں؟ تحصیل وار تفصیل مہیا کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:07 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1633**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع ہری پور میں سال 2014 سے 2023 کے دوران مختلف پوسٹوں پر تعیناتیاں کی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع ہری پور میں جن جن پوسٹوں پر بھرتی ہوئی ہیں ان بھرتی شدہ افراد کے نام، عہدہ، پتہ، ٹیسٹ انٹرویو کے نمبروں کی لسٹ این ٹی ایس ٹیسٹ کے حاصل کردہ نمبروں کی لسٹ اور جملہ کوائف کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:08 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1634**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں محکمہ ہذا میں گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک مختلف کیڈرز کی پوسٹیں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) کل کتنی پوسٹیں خالی ہیں؟ اور کیوں خالی ہیں؟ ان میں کون سی اور کتنی آسامیاں ڈائریکٹ Initial recruitment اور محکمانہ پروموشن کے ذریعے پُر کی جاتی ہیں ان کی تفصیل حلقہ وائز بمعہ تحریری دستاویزات مندرجہ ذیل پروفارمہ کے مطابق فراہم کی جائیں۔

نمبر شمار، حلقہ نمبر، خالی پوسٹ کا نام بمعہ گریڈ، خالی ہونے کی تاریخ، خالی پوسٹ پُر کرنے کا طریقہ کار، خالی ہونے کی وجوہات۔

(ii) حکومت نے خالی آسامیاں پُر کرنے کیلئے جو اقدامات اٹھائے ہیں ان کی تفصیل بمعہ کارروائی Recruitment Process بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:09 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1635**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل ہری پور کے اکثر ٹیوب ویلز پر وال مین اور آپریٹرز کی آسامیاں خالی پڑی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ متعدد ٹیوب ویلز پر ایکسین اور ایس ڈی او آفس کے اہلکاروں کی ملی بھگت سے وال مینز اور آپریٹرز نے اپنی جگہ پر کم پیسوں پر پرائیویٹ لوگوں کو رکھا ہوا ہے؟ اور وہ خود دوسرے کام کر رہے ہیں؟ جس کی وجہ سے وہاں کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان پرائیویٹ وال مینوں اور آپریٹرز کی عدم توجہ کی وجہ سے جگہ جگہ وال خراب ہیں پانی کے لائنیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہیں؟

(د) اگر (الف) و (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) کن کن گاوں کے ٹیوب ویلز پر سرکاری اہلکاروں کی جگہ پرائیویٹ لوگ کام کر رہے ہیں؟ اور جو سرکاری ملازم خود اپنی ڈیوٹی نہیں دے رہا اس کے

7

خلاف کیوں تادیبی کاروائی نہیں کی جارہی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کن کن ٹیوب ویلز پر وال مین اور آپریٹرز کی آسامیاں خالی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:14 PM – Mon
**Question # 1670**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2008 سے لیکر جون 2024 تک دیر بالا میں نئی سڑکوں کی تعمیر اور پہلے سے موجودہ سڑکوں کی مرمت کا کام کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کار وورہ میں کتنی نئی سڑکوں کی تعمیر اور کتنی پرانی سڑکوں کی مرمت کی گئی ہیں۔ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز مذکورہ تمام مکمل اور مرمت شدہ سڑکوں کے نام بمعہ اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:15 PM - Mon
**Question # 1673**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 سے 2024 ستمبر تک محکمہ میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) آیا ان بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟ اگر کوٹہ موجود تھا تو کتنا تھا اور اس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یا نہیں اور کتنی سیٹیں تاحال خالی ہیں۔

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اور پتہ فراہم کی جائیں۔ نیز اقلیت، خواتین اور معذور جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں۔ ان کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 10, 2025 -- 02:30 PM - Thu
**Question # 1679**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں زرعی زمینوں کو سیراب کرنے کیلئے محکمہ ٹیوب ویل اور ڈک ویل کیلئے رقم مختص کرتا ہے اور یہ رقم زرعی زمینوں والے تمام اضلاع میں یکساں طور پر تقسیم کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران جن اضلاع کو مذکورہ مد میں آبپاشی کیلئے فنڈز دیئے گئے ہیں۔ ان سکیموں کے نام الگ الگ ضلع وار فراہم کئے جائیں۔

**Notice Date :** Jul 28, 2025 -- 03:11 PM - Mon
**Question # 1686**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 05, 2025 - Tue
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جولائی 2025 میں دریائے سوات کے نزدیک غیر قانونی تجاوزات کے نام پر آپریشن کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ آپریشن کن وجوہات کی بناء پر کیا گیا اور اس کی منظوری کون سے حکام نے کس قانون کے تحت دی تھی؟

(ii) نیز اسی آپریشن کے دوران تجاوزات کو ہٹانے کی جگہ کے نزدیک کون سی اونچی عمارات اور ہوٹل کو نہیں گرایا گیا اس کی کیا وجوہات تھیں اور ان کے پاس کونسی NOC تھی؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2025 -- 03:51 PM - Tue
**Question # 1696**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر قانون پارلیمانی امور اور انسانی حقوق ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا میں مورخہ 11 نومبر 2024 کو متفقہ طور پر پاس کردہ قرارداد نمبر 112 کے ضمن میں محکمہ سے متعلق اُمور پر تاحال حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 09:43 AM - Tue
**Question # 1700**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل ہری پور میں 2018 سے اب تک انٹرنل روڈز تعمیر کئے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تحصیل ہری پور میں کتنے کلومیٹر روڈز تعمیر کئے گئے ہیں؟ اور ہر روڈ کی تعمیر پر کتنی لاگت آئی ہے؟ یونین کونسل وائز تفصیل فراہم کریں۔ نیز کس سال کی ADP کے تحت یہ روڈز منظور ہوئے ہیں؟

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 08:40 AM - Wed
**Question # 1712**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2020 سے سال 2025 کے دوران ضلع ہری پور کے متعدد ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم میں تبدیل کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور میں کتنے ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم میں تبدیل کیا ہے، ان میں کتنے چالو اور کتنے کب سے خراب حالت میں ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:31 AM - Wed
**Question # 1715**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرمارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 23-2022، 24-2023 اور 25-2024 میں صوبے کی واٹر سپلائی اور سینی ٹیشن کی سکیموں کی تعمیر و بحالی کے لئے رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں میں سے تحصیل ہری پور کے لیے کتنا فنڈز مختص کیا گیا، کتنی سکیموں پر کام ہوا، ہر سکیم کی نوعیت اور مقام کی تفصیل علیحدہ سال وار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:33 AM - Wed
**Question # 1713**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں محکمہ ہذا میں گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک کی مختلف کیڈرز کی پوسٹیں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:-

(i) کل کتنی پوسٹیں خالی ہیں؟ اور کیوں خالی ہیں ان میں کون سی اور کتنی آسامیاں ڈائریکٹ Initial recruitment اور محکمانہ پروموشن کے ذریعے پُر کی جاتی ہیں؟ ان کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات مندرجہ ذیل پروفارمہ کے مطابق فراہم کی جائیں۔

نمبر شمار، حلقہ نمبر، خالی پوسٹ کا نام بمعہ گریڈ، خالی ہونے کی تاریخ، خالی پوسٹ پُر کرنے کا طریقہ کار، خالی ہونے کی وجوہات۔

(ii) حکومت نے خالی آسامیاں پُر کرنے کیلئے جو اقدامات اٹھائے ہیں۔ ان کی تفصیل بمعہ کارروائی Recruitment Process بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:36 AM - Wed
**Question # 1711**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل ہری پور میں 2018 سے لیکر اب تک کتنی نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں؟

(ب) یہ سکیمیں کہاں کہاں بنائی گئیں ہیں، ان کی کل تخمینہ لاگت اور ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں، ہر ایک کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کریں۔

(ج) نیز لینڈ اونر (Land Owner) کے نام و پتہ اور انتقال اراضی کی کاپی بھی فراہم کریں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا انیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 10 ستمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:30 AM - Mon
**Question # 1660** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی ملازمین کیلئے سرکاری ہسپتالوں میں لیب ٹیسٹ، ایکسرے، سی ٹی سکین، ایم۔آر۔آئی وغیرہ کی مفت سہولیات میسر ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان سرکاری ہسپتالوں میں فری ٹیسٹ کرانے کا کیا طریقہ کار ہے؟ اور کون کون سے ٹیسٹ سرکاری ملازمین کے لیے فری کیے جاتے ہیں؟ اور کون سے ٹیسٹ کی فیس وصول کی جاتی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:54 AM - Mon
**Question # 1372** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سیاحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا حکومت کا سیاحتی مقامات پر Winter Sports Ski Resorts کی سہولیات کی فراہمی اور سڑکوں کو تعمیر کرنے کا کوئی پروگرام ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:55 AM - Mon
**Question # 1373** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سیاحت و ثقافت واز راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں علاقائی ثقافت کے فروغ کے لیے حکومت کس قسم کے اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے جو حکمت عملی اختیار کی جا رہی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:04 PM - Mon
**Question # 1377** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس میں خواتین بھی تعینات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) محکمہ پولیس میں خواتین کی تعداد کتنی ہے اور مرد پولیس کے تناسب سے خواتین پولیس کی تعداد کتنی ضروری ہے خواتین پولیس کی تفصیل عہدوں سمیت فراہم کی جائے۔

(ii) خواتین پولیس افسران / اہلکاروں اور مرد پولیس افسران / اہلکاروں کی ترقی کے لئے یکساں طریقہ کار ہے یا الگ الگ طریقہ کار موجود ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے نیز خواتین پولیس اہلکاروں کے لئے اپنا الگ ہاسٹلز اور کوارٹرز موجود ہیں کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:05 PM - Mon
**Question # 1510** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت نے سوشل ہیلتھ پروٹیکشن انیشیٹیو کے نام سے پروگرام شروع کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ پروگرام کب شروع کیا گیا ہے؟ اس کے اغراض و مقاصد کیا ہیں؟

(ii) مذکورہ پروگرام کے لئے فنڈز کہاں سے مہیا کیا جاتا ہے؟

(iii) مذکورہ پروگرام کو چلانے کیلئے کتنا سٹاف / عملہ کام کر رہا ہے ان کی تنخواہیں کتنی ہیں؟

(iv) مذکورہ پروگرام سے اب تک کتنی کامیابی حاصل ہوئی ہے مکمل تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:06 PM - Mon
**Question # 1484** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں کٹیگری ڈی کے کتنے ہسپتال، بنیادی مراکز صحت، آر ایچ سیز اور ڈسپنسریاں کہاں کہاں پر قائم ہیں؟

(ب) مذکورہ ڈسپنسریوں، بنیادی مراکز صحت میں کتنے کرایہ کی بلڈنگ میں قائم ہیں۔ان کا ماہانہ کرایہ کتنا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:48 PM - Mon
**Question # 1584** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 کے لیے صوبے میں بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار بڑھانے کیلئے منصوبہ شامل کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے بنیادی مراکز صحت ہیں؟ اور ان میں سے کن کن بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار کو بڑھایا گیا ہے؟ تحصیل وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:50 PM - Mon
**Question # 1585** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک Child Care Hospital & Mother تعمیر کرنا چاہتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک اس کی تعمیر کے حوالے سے کتنا ہوم ورک مکمل کیا گیا ہے نیز مذکورہ ہسپتال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کس جگہ پر تعمیر کیا جائے گا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:00 PM - Mon
**Question # 1560** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر کھیل وامور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور میں واقع حیات آباد سپورٹس کمپلیکس اور ارباب نیاز کرکٹ اسٹیڈیم کی توسیع اور تزئین وآرائش کا کام عرصہ دراز سے جاری ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) دونوں منصوبے کے لیے کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟ ان منصوبوں پر توسیع کا کام کب شروع ہوا؟

(ii) تاحال دونوں منصوبوں پر ہونے والے اخراجات کی مکمل اور الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) نیز ارباب نیاز کرکٹ اسٹیڈیم پشاور میں امسال PSL کے میچز کا انعقاد حکومت کے زیر غور ہے یا نہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:02 PM - Mon
**Question # 1400** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے منصوبہ بندی کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مالی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے کتنے نئے منصوبے شروع / منظور کئے گئے تھے؟

(ii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال 19-2018 اور 20-2019 کے دوران جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصل، کام کی نوعیت اور مدت تکمیل کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(iii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال 19-2018 اور 20-2019 میں جاری منصوبوں کا تخمینہ لاگت کتنا ہے اور ضلع کے کون کونسے

حلقوں میں یہ منصوبے جاری ہیں تمام منصوبوں کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے

(iv)مالی سال 21-2020 کے نئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے جو نئے منصوبے شامل ہوئے ہیں ان کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:18 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1593**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ پروونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی(PHSA) کی زیر نگرانی صوبہ خیبر پختونخوا میں دس(10) سرکاری نرسنگ کالجز کام کررہے ہیں؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کالجز کے طلباوطالبات کو 4سالہ نرسنگ ڈگری پروگرام مکمل کرنے کے بعد ایک سالہ پیڈ انٹرن شپ( Paid Internship)کر انا ڈگری کی ضرورت ہے؟

(ج)اگر(الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ بالا طلباء وطالبات کو صوبے کے کون کون سے ہاسپٹلز میں پیڈ انٹرن شپ کی سہولت فراہم کی جاتی ہے؟کالج وائز اور ہسپتال وائز کی مکمل تفصیل سال 2023 سے تاحال فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:44 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1525**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا محکمہ پولیس خیبر پختونخوا میں شہداء سن کوٹہ کے تحت کانسٹیبل اورASI بھرتی کیے جاتے ہیں؟

(ب) بنوں ڈویژن میں پولیس شہداء کی تعداد کتنی ہے؟اور پالیسی کے مطابق کتنی بھرتیاں سن کوٹہ کے تحت ہوئی ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:45 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1417**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں 2013 سے لے کر جون 2024 تک ADPs سمیت وفاق کی طرف سے مختلف ترقیاتی کاموں کی مد میں فنڈز مہیا کیا گیا تھا؟

(ب) اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو سکیم وائز تقسیم (روڈ، بلڈنگ، سکول، ہسپتال وغیرہ)جتنے بھی پراجیکٹ منظور ہوئے ہیں اور جتنے مکمل ہوئے ہیں اور جن پر ابھی تک کام جاری ہیں۔ہر پراجیکٹ کے لیے جتنی رقم ریلیز ہوئی ہے۔پراجیکٹ وائز تخمینہ لاگت کے حساب سے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:48 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1581**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال بنوں میں آسامیاں خالی بھی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)ڈاکٹرز، ٹیکنیکل سٹاف اور درجہ چہارم کی کتنی آسامیاں خالی ہیں؟

(ii)گزشتہ تین سالوں مذکورہ ہسپتال میں کون کونسی آسامیوں پر کتنی بھرتی ہوئی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:49 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1582**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں زیادہ تر میڈیکل ڈاکٹرز (نان پریکٹسنگ الاونس) لینے کے باوجود پرائیوٹ پریکٹس کر رہے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب مثبت میں ہو تو مذکورہ ڈاکٹروں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔نیز ان کے خلاف کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا بیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 11 ستمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:42 PM - Mon
**Question # 1667**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ تجارت نے گزشتہ پانچ سالوں میں مستحق اور بے روزگار عوام کو تجارت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ب) کیا کم وسائل والے بے روزگار نوجوانوں اور خواتین کو اپنا کاروبار شروع کروانے اور اُن کو خود کفیل بنانے کے حوالے سے کوئی منصوبہ موجود ہے ؟ اگر ہاں ہو تو مذکورہ منصوبے کی تفصیل بمعہ لاگت، دورانیہ کی تفصیل اور اس سے ماضی میں مستفید افراد کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 28, 2025 -- 03:10 PM - Mon
**Question # 1694**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے محکمہ مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ دریائے سوات میں سرکاری زمینوں پر غیر قانونی قبضے اور آبادی کی گزشتہ تین سالوں کی رپورٹ تیار کی گئی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رپورٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 02:38 PM - Mon
**Question # 1714**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 20, 2025 - Wed
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر اوقاف حج، مذہبی اور اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا میں اقلیتوں کی آبادی موجود ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تمام اقلیتوں کی آبادی کی تعداد کی تمام مذاہب وائز تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز تمام اضلاع میں اقلیتوں کے تمام مذاہب کے لوگوں کی تعداد الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 02:40 PM - Mon
**Question # 1702**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ میں ڈاکٹرز تعنیات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈاکٹر کی کل تعداد اور مدت ملازمت سمیت ہر ایک ڈاکٹر کے نام، PMDC کی رجسٹریشن کے کاغذات کی کاپیاں الگ الگ فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 04:30 PM - Mon
**Question # 1709**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ماحولیات نے حالیہ پانچ برسوں کے دوران ڈیرہ اسماعیل خان کی شوگر ملز کے فضلہ (effluent) اور صنعتی نکاس کا مستقل ماحولیاتی معائنہ کیا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی تمام شوگر ملز کا گزشتہ 05 سالوں کا ماپ کیے گئے آبی اور زمینی نمونوں (water & soil samples) کی رپورٹ، مخصوص آلودگی نشانیاں (BOD, COD, heavy metals) وغیرہ اور کن مقامات سے نمونے لیے گئے ان کی مکمل تفصیل شوگر مل وائز مہیا کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 04:31 PM – Mon
سوال نمبر**Question # 1708**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ڈیرہ اسماعیل خان کی شوگر ملز سے نکلنے والے فضائی آلودگی کے بارے میں کیا کوئی فضائی معیار کی پیمائش (air quality monitoring)کی جاتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ اس کی فوری نگرانی کیلئے کیا اقدامات اٹھا رہا ہے اور اب تک کتنے مستقل فضائی مانیٹرنگ اسٹیشن نصب کئے جا چکے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 04:32 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1706**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں شوگر ملز کی وجہ سے مقامی آب پاش / زیر زمین پانی(groundwater) میں آلودگی یا سطح آب (water table)میں تبدیلی کی شواہد ملے ہیں؟

(ب) اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہے تو ضلع بھر کے متاثرہ دیہاتوں میں بیماریوں / صحت کے مسائل وغیرہ کے تدارک کے لیے محکمہ ہذا نے شوگر ملز مالکان کو کن کن عملی اقدامات کا پابند کیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 04:33 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1705**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا محکمہ ہذا کے پاس ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں موجود تمام شوگر ملز کی فہرست اور ان کے آپریشنل لائسنس / ماحولیاتی اجازت نامے موجود ہیں۔

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو ہر شوگر مل کا نام معہ آپریشنل لائسنس / اجازت نامہ نمبر، جاری کرنے کی تاریخ اور میعاد اختتام فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 09:30 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1707**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرماہیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبے میں دریاوں سے سونا نکالنے کے معاہدے کئے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو نظام پور، کوہاٹ، کوہستان، صوابی میں کن کن کے ساتھ کس طریقہ کار کے تحت معاہدے کئے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:35 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 1726**
**Sent to Dept Date:** Aug 20, 2025 - Wed
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کی لکی سیمنٹ فیکٹری، کوہاٹ سیمنٹ فیکٹری کی طرح Corporate social responsibility فنڈ ڈپٹی کمیشنر کے اکاونٹ میں جمع کرتی ہے؟

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو لکی سیمنٹ فیکٹری نے اپنے قیام سے اب تک کل کتنا کارپوریٹ سوشل ریسپونسی بیلٹی(CSR) فنڈ جمع کیا ہے؟اور یہ فنڈ کہاں، کس طرح اور کس کے ہاتھ سے خرچ کیا گیا ہے؟نیز اگر کوئی فنڈ جمع نہیں کیا گیا تو اس کی وجوہات بتائی جائے؟

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:41 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 1725**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محکمہ جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کے تحت پودے لگائے گئے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پودوں کی جگہ، رقبہ اور تعداد اور اس پر خرچ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے؟ نیز اس مد میں کتنا فنڈ جاری کیا گیا اور کتنا فنڈ استعمال میں لایا گیا؟